# Directorate of Education GNCT of Delhi

## Practice Question Paper (2023-24)

Subject: Urdu B

Class: I X

Code: 303

Time: 3hrs                                        Max. Marks: 80

1۔اس سوال نامے میں کل 12 سوالات ہیں۔

2۔یہ سوال نامہ چار حصّوں پر مشتمل ہے۔

3۔ہر حصّے میں دی گئی ہدایت کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیں۔

4۔سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

5۔جواب لکھتے وقت اس کا درست نمبر لکھنا ہر گز نہ بھولیں۔

6۔جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوشخط کا خاص خیال رکھیں۔

## Section A حصّہ الف

1۔درج ذیل دونوں درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئیے۔ (10)

الف

اکبر شاہ ثانی کے زمانے میں ایک سوداگر مولا بخش ہاتھی کو لایا تھا۔اس کے فیل بان بخارا کے ایک سّید تھے، کیوں کہ کسی اور شخص کا بادشاہ کی طرف پیٹھ کرنا بے ادبی تھی۔ بہادر شاہ نے فیل بان کو مہابت خاں کا خطاب دیا اور جاگیر بخشی۔

ایک روز مولا بخش مستی میں آکر بے قابو ہو گیا۔ سیّد صاحب کو غافل پاکر اُس نے انھیں سونڈ میں لپیٹ لیا۔ پھر اُس نے اُن قدر کی ایک ٹانگ اپنے پاؤں کے نیچے داب کر اور ایک سونڈ میں پکڑ کر انھیں زندہ چیر ڈالا۔ سیّد صاحب کی بیوہ کا ننھا سا بچہ دو ڈیڑھ برس کا اُس کی گود میں تھا۔ بے چاری خاوند کے غم میں روتی پیٹتی آئی اور اپنے بچّے کو مولا بخش کے آگے ڈال کر کہا: "لے موئے! اس کو بھی مار ڈال۔ اُس وقت تک مولا بخش کی مستی اُتر چکی تھی۔ اُس نے بچّے کو سونڈ سے پکڑ کر اپنی گردن پر بٹھالیا۔

(i)۔ مندرج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) ۔ سوداگر کس بادشاہ کے زمانے میں مولا بخش ہاتھی کو لایا تھا؟

(iii)۔ فیل بان کہاں کے سّید تھے؟

(iv)۔ بہادر شاہ نے فیل بان کو کون سا خطاب دیا؟

(v)۔ سیّد صاحب کو غافل پاکر مولا بخش نے کیا کیا؟

## ب

ہے ہماری اور تمہاری ایک ذات

ایک قدرت سے ہے دونوں کی حیات

مٹی اور پانی، ہوا اور روشنی

واسطے دونوں کے یکساں ہے بنی

تجھ پہ لیکن ہے عنایت کی نظر

پھینک دیتے ہیں مجھے جڑ کھود کر

(i)۔ مندرجہ ذیل شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ii)۔ ایک قُدرت سے ہے دونوں کی حیات اس شعر میں دونوں سے کیا مراد ہے؟

(iii)۔ لفظ یکساں کے کیا معنی ہے؟

(IV)۔ جڑ کھود کر کیسے پھینک دیتے ہیں؟

(V)۔ عنایت کی نظر کس پر ہے؟

2۔ درج ذیل دونوں غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (10)

## الف

مفلسی سب بہار کھوتی ہے　　مرد کا اعتبار کھوتی ہے
کیوں کہ حاصل ہو مُج کوں جمعیّت　　زلف تیری قرار کھوتی ہے
ہر سحر شوخ کی نگہ کی شراب　　مُج انکھاں کا خمار کھوتی ہے
کیوں کے ملنا صنم کا ترک کروں　　دلبری اختیار کھوتی ہے
اے وَلی آب اس پری رُو کی
مج سِنے کا غبار کھوتی ہے

(i)۔ مفلسی کس کا اعتبار کھوتی ہے؟

(ii)۔ محبوب کی زلف کس کا قرار کھوتی ہیں؟

(iii)۔ 'پری رو' کا کیا مطلب ہے؟

(vi)۔ ان اشعار کا تعلق شاعری کی کس صنف سے ہے

(v)۔ کیوں کہ ملنا صنم کا ترک کروں...... مصرع مکمل کیجیئے

## ب

1905ء میں جب برطانوی حکومت نے بنگال کو مشرقی اور مغربی دو حصوں میں بانٹا تو لوگ بلبلا اٹھے۔ اسکول میں پڑھنے والے بارہ سال کے ایک لڑکے میگھ نا دساہا کو جتنا غصہ آیا اتنا شاید اور کسی کو نہیں آیا۔ بنگال کو ایک کرانے کی جد وجہد کرنے والے انقلابی نوجوانوں کے جو جتھے بن رہے تھے ان میں شامل ہونے کے لیے میگھ ناد کی عمر بہت کم تھی۔ اس لیے انھیں اپنے غم وغصے کے اظہار کے لیے کوئی اور طریقہ اختیار کرنا تھا۔ انھیں ایسا موقع اس وقت مل سکا جب یہ اعلان ہوا کہ بنگال کا ایک گورنر ان کا اسکول دیکھنے آرہا ہے۔ اس سخت تاکید کے باوجود کہ گورنر کے استقبال کے لیے ہر بچے کو موجود ہونا چاہیے، ساہا اور ان کے کچھ دوست اس دن اسکول نہیں آئے جس دن گورنر کو آنا تھا۔ اگلے دن ساہا اور ان کے دوستوں کے نام اسکول کے رجسٹر سے کاٹ دیے گئے۔ ساہا کو اپنے دوستوں سے زیادہ قیمت چکانی پڑی کیونکہ انھیں اس وظیفے سے بھی ہاتھ دھونا پڑا جو انھیں چند مہینے پہلے ملنا شروع ہوا تھا۔

(i)۔ برطانوی حکومت نے بنگال کو مشرقی اور مغربی دو حصّوں میں کب بانٹا؟

(ii)۔ نوجوانوں کے انقلابی جتھے میں میگھ ناد ساہا کیوں نہیں شامل ہو سکے؟

(iii)۔ جب بنگال تقسیم ہوا اس وقت میگھ ناد ساہا کی عمر کتنی تھی؟

(v i)۔ کس کے استقبال کے لیے ہر بچے کو اسکول میں حاضر ہونا تھا؟

(v)۔ استقبال کے لیے اسکول نہ جانے کی وجہ سے ساہا کو کس سے ہاتھ دھونا پڑا؟

## Section B حصّہ ب

3 ۔مندرجہ ذیل دیے گئے عنوان میں سے کسی ایک کم سے کم پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئیے (10)

پسندیدہ شخصیت، مذہبی تہوار، یوم اساتذہ

(5)

4۔اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام سیکشن بدلوانے کے لئے ایک درخواست لکھئیے۔

یا

اپنے دوست کو گرمی کی چھٹیوں میں اپنے گھر بلانے کے لئے ایک خط لکھئیے

5۔ محمد مجیب کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے ؟ (5)

یا

جانوروں کو بیماری سے بچانے کے لئے کیا کیا جاتا ہے ؟

(5)

6۔ سورج نراین مہرؔ کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔

یا

اخترؔ شیرانی کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیے

## Section C حصّہ ج

7۔درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے

(i)۔بداخلاق کیا ہے (16)

(A)۔لاحقہ

(B)۔ضمیر

©۔سابقہ

(D)۔متضاد

(ii)۔قوم کا جمع بتائے

(A)۔قوموں

(B)۔کومے

©۔قومیں

(D)۔ کوموں

(iii)۔سوالات کا واحد بتائے؟

(A)۔سوال

(B)۔صوال

©۔سوالوں

(D)۔سوالی

(iv)۔عزّت کا متضاد بتائے

(A)۔آسان

(B)۔ذلّت

©۔اتفاق

(D)۔ کامیابی

(v)۔جہاں کا مترادف بتایئے؟

(A)۔دُنیا

(B)۔راستہ

©۔ہاتھ

(D)۔پہاڑ

(vi)۔ساجد ایک اچھا لڑکا ہے. وہ پابندی سے اسکول جاتا ہے—اس جملے میں ضمیر کی نشاندہی کیجئیے

(A)۔اسکول

(B)۔ اچھا

©۔پابندی

(D)۔وہ

(vii) ۔جب کلام میں کسی ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند بتایا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں

(A)۔ قافیہ

(B)۔استعارہ

©۔تشبیہ

(D)۔تلمیح

(viii)۔بلند کا متضاد بتایئے

(A)۔صبح

(B)۔پست

©۔پریشانی

(D)۔غافل

8۔مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ (4)

ٹس سے مس نہ ہونا

آنکھ سے اوجھل ہونا

نظر بچانا

سدھ نہ رہنا

## حصّہ د Section D

9۔. درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے (6)

(i)۔ڈاکوؤں نے دکان دار پر کیوں حملہ کیا؟

(ii) پرندوں کے انڈوں کو کیوں نہیں چھونا چاہیے

(iii)۔ریڈ کراس سوسائٹی کے مقاصد کیا ہیں؟

10۔درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (2)

(i)۔ساگوان کے درخت پر بیٹھ کر عُقاب نے کیا سوچا؟

(ii)۔منشی پریم چند کہاں پیدا ہوئے؟

11۔درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (4)

(i)۔شیاما کو اپنے بھائی کیشو پر ترس کیوں نہیں آیا؟

(ii)۔فضا پر، بستیوں پر، جنگلوں پر........ مصرع مکمل کیجئے

(3)

12۔درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے

(i)۔دونوں کا مسکن ہندوستاں ہے

دو بلبلیں ہیں اک گلستاں ہے

یہ شعر کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ii)۔صداقت کے رستے پہ سیدھے چلو تم

کرو عہد تو اس پہ قایم رہو تم

مندرجہ بالا شعر میں صداقت کے معنی بتایئے؟